ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

فون:۔ 021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 11 فروری 2020ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے سندھ کے مختلف اضلاع کا خصوصی دورہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے ٹھٹہ ،بدین کے تھانہ جات کی حدود میں امن وامان کی صورتحال کا جائزہ لیا اور مزید ضروری ہدایات دیں۔ایس ایس پی ٹھٹہ شبیر سیٹھار نے ضلع میں امن وامان کی صورتحال سمیت جرائم کی مختلف نوعیت کی وارداتوں کے خلاف اختیار کردہ پولیس حکمت عملی اور لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی۔بعد ازاں آئی جی سندھ ضلع بدین گئے جہاں ایس ایس پی بدین حسن سردار نے جرائم کے خلاف پولیس ایکشن سمیت گٹکا، ماوا ودیگر منظم جرائم کے ساتھ ساتھ مفرور واشتہاری ملزمان کے خلاف پولیس کریک ڈاؤن کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔

آئی جی سندھ نے ایس ایس پی ٹھٹہ اور ایس ایس پی بدین کو امن وامان کے حالات کو کنٹرول میں رکھنے اور جرائم کے خلاف عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شاباش دی۔انہوں نے کہا کہ لوگوں کی مشکلات اور مسائل کے حل کے لیئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں اور جرائم کے خلاف بلا امتیاز پولیس اقدامات کے سلسلے کو جاری رکھا جائے۔

واضح رہیکہ کل آئی جی سندھ میر پور خاص کے اضلاع تھر پارکر اور عمر کوٹ کا دورہ کرینگے۔

-/-/-/-/-/-/-

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 11 فروری 2020ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے کرائم رپورٹر ایسوسیشن کیجانب سے سی آر اے کے ممبران کے اعزاز میں مقامی ہوٹل میں دیئے جانیوالے عشائیہ میں بطورِ مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام نبی میمن سمیت دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے۔ تقریب میں آمد پر سی آر اے کے جنرل سیکٹریری طٰہٰ عبیدی نے تمام مہمانون کا خوش آمدیدم استقبال کیا اور آئی جی سندھ اور ایڈیشنل آئی جی کراچی کے سامنے چند سفارشات رکھیں۔

آئی جی سندھ نے سی آر اے کیجانب سے مختلف موضوعات پر ورکشاپس کے انعقاد کو خوش آئند اور سیر حاصل قرار دیتے ہوئے اس حوالے سے اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ آئی جی سندھ کا کہنا تھا کہ میڈیا پولیس کی کارکردگی اور غلطی کی نشاندہی ضرور کرے مگر ساتھ ہی پولیس کے اچھے کاموں کو بھی عوام تک پہنچائے تا کہ عوام کا پولیس پر اعتماد مزید بہتر بنایا جا سکے۔

ان کا کہنا تھا کہ صحافت دراصل نام ہے صداقت و دیانت کا، چیلنجز سے نمٹنے کا، مسائل اور مشکلات میں گھرے عوام کا سہارا بننے کا اور سب سے بڑھ کر یہ نام ہے حق کی آواز بننے اور باطل کا جرأت، دلیری بہادری کیساتھ ڈٹ کر مقابلہ کرنیکا۔ پولیس اور میڈیا ساتھ ساتھ ہے۔ جرائم کیخلاف میڈیا پولیس کا وہ بازو ہے جو نا صرف ہر دم تیار اور مصروف عمل ہے بلکہ مؤثر اور کامیاب کاروائی کا انتہائی اہم ذریعہ بھی ہے۔ مجھے امید ہے کہ صحافتی برادری ہر قدم جرائم کیخلاف جاری جنگ میں سندھ پولیس سے اپنے بھرپور تعاون کے تسلسل کو جاری رکھیگی۔

عشائیہ میں ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام نبی میمن کا کہنا تھا کہ تاریخ میں پہلی بار اس طرح کی تقریب منعقد کی گئی ہے جو خوش آئند ہے پولیس اور رپورٹر کا روزانہ کا ساتھ ہوتا ہے میڈیا کی مدد سے شہر میں کرائم کا خاتمہ کرینگے تقریب میں سی آر اے کیجانب سے آئی جی سندھ اور ایڈیشنل آئی جی کراچی کو اجرک کا تحفہ دیا گیا جبکہ آئی جی سندھ کیجانب سے سی آر اے کی منتخب باڈی کو یادگاری شیلڈ دی گئیں۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔